© rasailojaraid.com



اور سنایا جا سکتا ہے درس قرآن بارگاہ احدیت میں قبول بھی ہے جسے قلیل مدت میں مؤلف کے حین حیات ہیں
حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے بہشتی زیور اور شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کے فضائل اعمال کی طرح ہزاروں کی
تعداد میں بار بار چھپنے اور تقسیم ہو جانے کی نوبت حاصل ہو رہی ہے ہماری خالص دینی تبلیغی اور اصلاح انقلاب
امت کے نقطہ نظر سے یہ قطعی رائے اور احباب کو مخلصانہ مشورہ ہے کہ اس درس قرآن سے استفادہ اور اس کا
ہر گھر میں موجود ہونا ضروری ہے۔

کتابت طباعت کاغذ اور جلد بندی ہر لحاظ سے معیاری اور شایان شان ہے۔

**داعی اسلام** | از صادق علی صادق ـــ صفحات ۱۶۰ ـــ قیمت ۳۰ روپے
ناشر الرحیم اکیڈمی اے ۱/۶ اعظم نگر پوسٹ آفس لیاقت آباد کراچی

حجاز کی سرزمین سے طلوع ہونے والے آفتاب ہدایت کی روشنی سے پوری دنیا منور ہوئی آفتاب نبوت کے نکلنے سے عالم انسانیت میں مقررین و محررین اور خطباء و شعراء کے لیے تقریر و تحریر اور نظم و نثر کے مختلف قسم کے دروازے کھل گئے کسی نے منظوم سیرت لکھی اور کسی نے منثور، کسی نے منقوط سیرت لکھی اور کسی نے غیر منقوط۔ لاتعداد طبقات کے فکر و قلم نے آفتاب نبوت کی سیرت پر قلم اٹھایا ہے۔ لیکن صادق علی صاحب نے جو قلم سیرت نبوی پر چلایا ہے درحقیقت یہ دریائے سیرت میں دریکتا کی حیثیت رکھتا ہے۔ موصوف نے داعی اسلام کے نام سے اردو زبان میں ایک معریٰ (غیر منقوط) منظوم کتاب لکھی ہے جو مصنف کے عشق رسولؐ کا واضح ثبوت اور شان رسالت کے لیے ایک معجزہ کی حیثیت رکھتی ہے اردو میں معریٰ الفاظ کی کمی کے باوجود بھی شعر کی سادگی اور سلاست میں کہیں فرق نہیں آیا اردو کے علاوہ عربی و فارسی الفاظ بھی ایسی چابک دستی سے استعمال کیے ہیں جو نظم کے انداز سے اس طرح مناسب ہے۔ گویا کہ واقعۃً اردو الفاظ ہیں بہرحال ایک گرانقدر فنی کاوش ہے الرحیم اکیڈمی اور اس کے منیجر جناب عبدالرحمن غضنفر ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں جنہوں نے یہ گرانقدر سوغات افراد امت کے حوالے کی۔

**پردۂ شرعی کی چہل حدیث** | از مولانا نور احمد صاحب ـــ صفحات ۶۴
ناشر ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، گارڈن کراچی

اسلام کو عفت و حیاء اتنی پسندیدہ ہے کہ حدیث شریف میں اس کو نصف ایمان کہا گیا ہے بے حجابی و عریانی اور بے حیائی کے تباہ کن نتائج عالم کو برباد کرتے ہیں دنیا میں جس قدر فتنہ اور فساد بڑھ رہا ہے ان میں ۷۵ فیصد بے حیائی اور بے پردگی کے نتائج و ثمرات ہیں۔ اس وجہ سے اسلام نے عورت سے مخاطب ہو کر کہا تم گھر میں رہو بلا ضرورت گھر سے نہ نکلو اگر نکلنے کی ضرورت پڑے تو پردہ ہی میں نکلو اور نظروں کو نیچے رکھو۔

اسی مصلحت کو مدنظر رکھتے ہوئے مولانا مرحوم نے "پردہ شرعی کی چہل حدیث" کے نام سے کتاب لکھی۔ کتاب مختصر جامع اور مستند کتب کے حوالوں سے مزین ہے۔ مردوں سمیت خواتین کے لیے زیادہ مفید اور کارآمد ہے۔



© rasailojaraid.com